© rasailojaraid.com



۱۳ اگست کو حضرت مہتمم صاحب نے دفاع پاکستان کونسل کے سربراہی اجلاس کی صدارت کی۔

۱۴۔ اگست کو دفاع پاکستان کونسل کے زیر اہتمام سفاری پارک سے شاہراہ قائدین تک کشمیر کارواں کی حضرت مہتمم صاحب نے صدارت فرمائی اور اپنے عوام الناس کی کثیر تعداد سے پر مغز خطاب فرمایا۔

## مدیر الحق مولانا راشد الحق کے نئے مکان کا افتتاح اور اساتذہ دارالعلوم کی ضیافت

مولانا راشد الحق مدیر مسؤل ماہنامہ الحق کے نئے مکان 'بیت الحق' کا افتتاح بروز جمعہ ۲۲ اپریل ۲۰۱۶ء کو ختم قرآن پاک سے ہوا۔ مکان کی پہلی اینٹ حضرت مولانا محمد طلحہ صاحب کاندھلوی مدظلہ فرزند شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریا کاندھلویؒ نے دارالعلوم آمد کے موقع پر افتتاحی دعا فرمائی تھی پھر بعد میں شیخ الحدیث حضرت مولانا مغفور اللہ مدظلہ نے بروز جمعہ ۲۴ اپریل ۲۰۱۵ء اپنے دست مبارک سے رکھی۔ الحمدللہ تعمیر مکمل ہونے کے بعد ۲۷ مئی ۲۰۱۶ء بروز جمعہ دارالعلوم حقانیہ کے اساتذہ، مشائخ اور عملہ کیلئے دعوت طعام ظہرانہ کا اہتمام کیا گیا تھا۔ اس موقع پر اساتذہ کرام نے نئے مکان اور مکینوں کیلئے خیر و برکت کی دعا فرمائی۔

## دارالعلوم میں مہمانوں کی آمد

۲۴ جون بروز جمعہ کو پاکستان تحریک انصاف کے صوبائی وزراء نے حضرت مولانا سمیع الحق سے ان کی رہائش گاہ پر ملاقات کی، جس میں صوبائی وزیر تعلیم جناب عاطف خان، صوبائی وزیر پبلک ہیلتھ شاہ فرمان خان، صوبائی ممبر اسمبلی حاجی ادریس خٹک، سیکرٹری ایجوکیشن جناب قیصر عالم سمیت دیگر اہم شخصیات شامل تھیں وفد نے میڈیا میں دارالعلوم حقانیہ کے خلاف جاری پروپیگنڈے پر اظہار افسوس کیا۔

## مسافران آخرت

☆ شعبہ کمپیوٹر کے انچارج جناب بابر حنیف کے والد گرامی محمد حنیف ۲۴ راگست بمطابق ۲۰ شوال ۱۴۳۷ھ کو طویل علالت کے بعد انتقال فرما گئے، مرحوم کا جنازہ نائب مہتمم حضرت مولانا انوار الحق صاحب نے اُسی دن بعد از نماز عصر پڑھایا۔ نماز جنازہ میں دارالعلوم کے اساتذہ کے علاوہ علاقہ کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ عمرہ کی ادائیگی کے فوراً بعد دعا کیلئے گئے اور پسماندگان سے دلی تعزیت کی۔ مرحوم ایک منجھے ہوئے ادیب، شاعر اور ایک لائق خطاط بھی تھے، شاعری کے دو مجموعے ''غم نیلگوں'' اور ''قیامت کو ملیں گے'' کے عنوان سے موتمر المصنفین سے شائع ہو چکے ہیں، اس کے علاوہ مرحوم کے درجنوں مضامین ملک کے معروف رسائل میں چھپ چکے ہیں۔

© rasailojaraid.com